ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (490)

30.09.24

**بہاول پور( )انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں اورڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر نگرانی محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ B-1 کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔امتحان میں ضلع بہاول پور سے کانسٹیبلز اور لیڈی کانسٹیبلز نے شرکت کی۔امتحان دینے والے جوانوں کے لیے تمام سہولیات کا خصوصی طور پر انتظام کیا گیا۔محنتی اور میرٹ پر آنے والے جوان ہی ترقی کے اہل ہوں گے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاول پور اسد سرفراز خان کی سرپرستی میں پولیس لائنز میں محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ B-1 کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔امتحان میں ضلع بھر سے کنسٹیبلز اور لیڈی کانسٹیبلز نے شرکت کی۔تمام جوان اپنی ترقی کے لیے انتہائی پرجوش اور مکمل تیاری کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔لسٹ B-1 کا امتحان اس لیے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ محکمہ میں مسلسل ترقی کی طرف پہلا قدم ہوتا ہے۔امتحان کے تمام مراحل کی ڈی پی او بہاولپور نے بذات خودنگرانی کی ۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کے اس عمل میں 100 فیصد میرٹ کو مدنظر رکھا جائے گا۔محنتی اور میرٹ پر پورا اترنے والے جوان ہی ترقی کے اہل ہوں گے۔امتحان میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے تمام عمل کی بذریعہ CCTV کیمرہ جات مانیٹرنگ کی گئی۔ترقی کے عمل سے جوانوں کا مورال بلند ہوتا ہے۔سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیس لائنز میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے۔اس موقع پر ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز بیر بنگش،ڈی ایس پی لیگل ا عبدالرؤف جاوید،ڈی ایس پی لیگل ا جام محمد محسن اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیرنگرانی پولیس لائنز میں محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ B-1 کا امتحان جاری



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے
مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کرر ہے ہیں

PUNJAB POLICE
BAHAWALPUR




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ڈی پی او آفس میں آنے والے **Revival International School** کے سٹوڈنٹس کے ساتھ گپ شپ، آفس کا وزٹ اور محکمہ پولیس کے بارے بریفنگ۔